اسٹیٹ لائف کی بیمہ پالیسی ۔ ایک تابندہ روایت نسل در نسل

**اسٹیٹ لائف**

انشورنس کارپوریشن آف پاکستان

# تحفظ

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کا جریدہ (صرف کارکنان کے لیے)

دسمبر 2017ء

# اسٹیٹ لائف کنونشن 2017




وزیراعظم جناب شاہد خاقان عباسی کی زیرصدارت ہائی پاور کمیٹی کے اجلاس کے فیصلے کے مطابق

**چیئرمین اسٹیٹ لائف جناب شعیب میر کو گریڈ 21 سے گریڈ 22 میں ترقی دے دی گئی**


ادارہ تحفظ جناب شعیب میر کو اس ترقی پر مبارک باد پیش کرتا ہے



## فرمانِ الٰہی


ہر شخص کے آگے اور پیچھے اس کے مقرر کئے ہوئے نگراں (فرشتے) لگے ہوئے ہیں جو اللہ کے حکم سے اس کی حفاظت کرتے رہتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اللہ کسی قوم کی حالت نہیں بدلتا جب تک وہ لوگ خود اپنے اندر تبدیلی نہیں کر لیتے۔ اور جب اللہ کسی قوم پر مصیبت ڈالنے کا فیصلہ کر لیتا ہے تو پھر وہ کسی کے ٹالے نہیں ٹل سکتی اور نہ اللہ کے مقابلے میں ایسی قوم کا کوئی حامی و مددگار ہو سکتا ہے۔

سورۃ الرعد (13) ترجمہ آیت (11)




## فرمانِ رسولؐ

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریمؐ نے ارشاد فرمایا: ''جس شخص کے دل میں ذرہ برابر بھی تکبر ہوگا وہ جنت میں داخل نہ ہوگا۔ ایک آدمی نے عرض کیا کہ یقیناً آدمی یہ بات پسند کرتا ہے کہ اس کی پوشاک اچھی ہو اور اس کا جوتا اچھا ہو۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ جمیل ہیں، جمال کو پسند کرتے ہیں، تکبر تو حق بات کو ٹھکرانا اور لوگوں کو حقیر سمجھنا ہے۔ (مسلم)



## قائداعظمؒ نے فرمایا

آپ کے پاس کامیابی کی کنجی آپ کی آئندہ نسل ہے۔ اپنے بچوں کی اس طرح تربیت کیجئے کہ وہ پاکستان کے قابلِ فخر شہری اور موزوں سپاہی بن سکیں۔ (مسلم لیگ شعبہ خواتین سے خطاب، کراچی 6 فروری، 1948)



## فرمودۂ اقبالؒ

فطرت کے تقاضوں پہ نہ کر راہِ عمل بند
مقصود ہے کچھ اور ہی تسلیم و رضا کا
جرأت ہو نمو کی تو فضا تنگ نہیں ہے
اے مردِ خدا ملکِ خدا تنگ نہیں ہے!

(ضربِ کلیم)

خیال و افکار


# ''تحفظ کا پیغام۔ وقت کی پکار''

تحفظ کا یہ شمارہ سال کا آخری شمارہ ہے۔ مجھے قوی اُمید ہے کہ آپ اور آپ کے ساتھی سالانہ اہداف کی تکمیل میں معمول سے زیادہ مصروفِ عمل ہوں گے۔

یوں تو کاروباری منصوبہ بندی سال کے آغاز میں کی جاتی ہے اور پھر سہ ماہی بنیادوں پر اس پر نظرِ ثانی کی جاتی رہتی ہے مگر دورانِ سال مناسب وقفوں سے مجموعی کاروباری سرگرمیوں کا جائزہ لیا جاتا رہتا ہے اور یہ دیکھا جاتا ہے کہ پورے سال کے لئے جو اہداف مقرر کئے گئے تھے ان کی تکمیل کہاں تک ممکن ہوسکی اور منزلِ مقصود تک پہنچنے کے لئے اور کتنا سفر باقی ہے۔ جہاں تک اہداف کے تعین کا تعلق ہے تو عام طور پر یہ اہداف نمائندگان کی سطح پر ہر سال نو کے پریمیئم یا نئی پالیسیوں کی تعداد اور پرسسٹینسی کی صورت میں ہوتے ہیں۔ منصوبہ بندی اور اس پر نظرِ ثانی دوران سال ہر سطح پر اہم ہے مگر اہم ترین منصوبہ بندی وہ ہے جو نمائندگان اور فیلڈ افسران کی سطحوں پر کی جاتی ہے ان سطحوں پر حاصل کردہ نتائج ہی مجموعی طور پر سیکٹر اور بعد ازاں زون اور پوری کارپوریشن کے نتائج کی بنیاد پر بنتے ہیں۔

آپ لوگ یہ بات بخوبی جانتے ہیں کہ بیمہ زندگی کے کاروبار میں اس وقت مقابلے کا رجحان بہت زیادہ ہے، پرائیویٹ سیکٹر کی کمپنیاں بھرپور کاموں میں مصروف عمل ہیں، ہمیں اپنے کاروبار کو آگے بڑھانے اور ٹارگٹ کو حاصل کرنے کے لئے اپنے کاموں کو جدید خطوط پر استوار کرنا ہوگا۔ دن رات محنت کرنی ہوگی تب ہی ہم اپنے کام میں سرخرو ہو سکتے ہیں اور اپنے ہم وطنوں کو بیمہ کی زیادہ سہولیات پہنچا سکیں گے۔ اس کام میں مارکیٹنگ ڈویژن/سی سی ڈی اور پوری اعلیٰ انتظامیہ آپ کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

عزیز ساتھیو! یاد رکھئے کارپوریشن کی ترقی و استحکام اور بقا کا راز آپ کی شبانہ روز محنت میں مضمر ہے۔ چنانچہ آغاز سال ہو یا اختتام سال، خلوص نیت سے ہم وطنوں کو بیمہ زندگی کا تحفظ فراہم کرنے کا مشن جاری رکھئے۔ یہی تحفظ کا پیغام ہے اور یہی وقت کی پکار ہے۔



ایڈیٹر

ccd.statelife@yahoo.com


رضیہ رمضان ڈوسہ
(ڈپارٹمنٹل ہیڈ، سی سی ڈی)

ترسیل: ناصر جاوید




رابطہ ایڈیٹر تحفّظ، کارپوریٹ کمیونیکیشنز ڈپارٹمنٹ، پرنسپل آفس، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 9، ڈاکٹر ضیاالدین احمد روڈ،
پوسٹ بکس نمبر 5725، کراچی -75530 ٹیلی فون نمبر: 99202819 (021) فیکس: 99202868 (021)



لے آؤٹ ڈیزائن، آرگس ایڈورٹائزنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ
تحفّظ کا شمارہ اسٹیٹ لائف کی ویب سائٹ www.statelife.com.pk پر بھی ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

# جناب شعیب میر نے اسٹیٹ لائف کے چیئرمین کا چارج سنبھال لیا



اسلام آباد۔اسٹیبلشمنٹ ڈویژن، کیبنٹ سیکریٹریٹ، حکومت پاکستان کے نوٹیفکیشن نمبر پی ایف E-5 (PAS) (535) کے مطابق بی ایس -21 کے سینئر آفیسر ایڈیشنل سیکریٹری (انچارج) فیڈرل ایجوکیشن اینڈ پروفیشنل ٹریننگ ڈویژن جناب شعیب میر کو کامرس ڈویژن کے ماتحت ادارے اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان میں بحیثیت چیئرمین تعینات کیا گیا ہے۔ اس سے قبل جناب شعیب میر اسٹیٹ لائف میں بحیثیت چیئرمین اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر کے منصب پر فائز رہ چکے ہیں۔

(تحفظ رپورٹ)

# سکھر زون میں ایریا منیجرز اور سیلز منیجرز کانفرنس

گزشتہ دنوں سکھر زون میں سیلز منیجرز اور ایریا منیجرز کانفرنس کا انعقاد ہوا۔ جس کی صدارت ریجنل چیف حیدرآباد جناب محمد اقبال گل نے کی۔ اس کانفرنس کے مہمان خصوصی ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین تھے۔ زونل ہیڈ سکھر زون جناب شاہنواز سومرو نے زون پہنچنے پر ریجنل چیف حیدرآباد، ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ اور شرکائے کانفرنس کو خوش آمدید کہا اور یقین دلایا کہ جس طرح سکھر ایک خوبصورت شہر ہے اسی طرح اس کے لوگ بھی کسی سے کم نہیں۔ ہم اس سال اپنی محنت سے اس سال کو تاریخی کلوزنگ بنائیں گے اور انشاءاللہ سکھر زون تاریخی کامیابی حاصل کرے گا، ریجنل چیف حیدرآباد جناب محمد اقبال گل نے اپنے خطاب کے دوران سکھر کے شرکاء کو مبارکباد پیش کی اور امید ظاہر کی کہ اس سال سکھر زون سے زیادہ سے زیادہ لوگ کنونشن 2018 کے لئے کوالیفائی کریں گے۔

مہمان خصوصی ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے کہا کہ ہم نے فیلڈ فورس کو زیادہ سے زیادہ مراعات دی ہیں اور امید کرتے ہیں کہ تمام ورکرز اس سے فائدہ اٹھائیں گے اور انشورنس کا پیغام گھر گھر پہنچائیں گے۔

آخر میں سیکٹر ہیڈ جناب مقبول احمد مغل نے تمام مہمانوں اور شرکاء کا شکریہ ادا کیا اور مہمان خصوصی کو یقین دلایا کہ سکھر زون انشاءاللہ مزید ترقی کرتا رہے گا۔

**محمد اکرم مغل**
**پی ایس ٹو زونل ہیڈ، سکھر زون**



جناب شاہنواز سومرو و دیگر ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین اور ریجنل چیف حیدرآباد جناب محمد اقبال گل کا سکھر زون میں استقبال کرتے ہوئے




زونل ہیڈ سکھر جناب شاہنواز سومرو کو ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین انعام دیتے ہوئے، اس موقع پر ریجنل چیف حیدرآباد جناب محمد اقبال گل بھی موجود ہیں

# اسٹیٹ لائف سلور جوبلی کنونشن 2017، بیمہ کاروں کا روایتی اجتماع






اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان کا سالانہ کنونشن ہر سال کی طرح پرل کانٹی نینٹل ہوٹل بھوربن (مری) میں 17 تا 20 ستمبر 2017 کو منعقد ہوا۔ اس کنونشن میں کاروباری اہداف مکمل کرنے والے کم وبیش 300 فیلڈ کارکنان وافسران نے شرکت کی۔ اس کے علاوہ تمام زونل سربراہان، ریجنل چیفس، مارکیٹنگ ڈویژن کے اعلیٰ افسران، اسٹیئرنگ کمیٹی کے ممبران، ایگزیکٹو ڈائریکٹر جناب اذکار خان، جناب غفران میمن، ڈویژنل ہیڈز کے علاوہ چیئرمین جناب نوید کامران خان نے بھی شرکت کی۔ کنونشن میں گروپ اینڈ پینشن ڈویژن کے افسران نے بھی بطور کوالیفائر شرکت کی۔

اسٹیٹ لائف کنونشن کا بنیادی مقصد جہاں ٹارگٹ کو پورا کرنا ہے وہیں مارکیٹنگ فورس کو تفریح کے ساتھ ساتھ مل بیٹھ کر اپنے تجربات کی روشنی میں فروغ کاروبار کے لئے تبادلہ خیال کا موقع فراہم کرنا ہوتا ہے۔




مندوبین کنونشن 17 ستمبر کو صبح 10:00 بجے سے ہی بھوربن پہنچنا شروع ہو گئے تھے جہاں مارکیٹنگ ڈویژن نے ان کے بھرپور استقبال کے انتظامات کیئے ہوئے تھے۔ اسٹینڈنگ کمیٹی کے لوگوں نے مندوبین کنونشن کو فرداً فرداً خوش آمدید کہا۔

اگلے دن صبح پرچم کشائی کی تقریب ہوٹل کے سبزہ زار پر ہوئی جس کے مہمان خصوصی چیئرمین جناب نوید کامران بلوچ تھے۔ جناب چیئرمین نے جھنڈا لہرایا اور قومی ترانہ پڑھا گیا بعد ازاں مندوبین کنونشن، کنونشن ہال پہنچنا شروع ہو گئے۔












کنونشن ہال کو بڑی خوبصورتی سے سجایا گیا تھا۔چیئرمین جناب نوید کامران بلوچ، ایگزیکٹو ڈائریکٹرز اور جنرل منیجر (مارکیٹنگ) جب اسٹیج پر تشریف لائے تو شرکائے کنونشن نے کھڑے ہوکر ان کا پرجوش استقبال کیا۔اسٹیج پر چیئرمین و ڈائریکٹرز کے ہمراہ ان فیلڈ و افسران کو اسٹیج پر بیٹھنے کے لئے مدعو کیا گیا جنہوں نے سال 2016 میں نمایاں کارکردگی دکھائی ان میں ایریا منیجر وہاڑی جناب محمد انور سلیمی ،سیکٹر ہیڈ فیصل آباد زون جناب محمد سرور اور سید سیلز منیجر صداقت حسین شامل ہیں۔

افتتاحی اجلاس کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا،نعت رسول مقبولؐ پیش کی گئی۔بعدازاں ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے خطبہ استقبالیہ پیش کرتے ہوئے 2016 کا کاروباری جائزہ پیش کیا۔اس موقع پر انہوں نے ان اقدامات کا ذکر کیا جو کارپوریشن نے فیلڈ کو متحرک رکھنے اور بیمہ داروں سے رابطہ کے لئے کئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ کاروبار میں مزید











بہتری اور محنت کی ضرورت ہے۔ ہمیں بہتر سے بہتر افراد کو ساتھ لے کر چلنا ہوگا۔ ہمیں بیمہ زندگی کا یہ پیغام گھر گھر پہنچانا ہوگا اور اپنے ہم وطنوں کو بچت اور تحفظ فراہم کرنا ہوگا۔ انہوں نے اس موقع پر تمام شرکاء کنوینشن کو خوش آمدید کہا اور مبارک باد پیش کی۔ اس موقع پر انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ مارکیٹنگ ڈویژن نے کنوینشن کے شرکاء کے لئے بھرپور انتظام کیا ہے تا کہ آپ کی خاطر مدارات میں کوئی کمی نہ رہنے پائے۔

چیئرمین جناب نوید کامران بلوچ نے اپنے افتتاحی خطاب میں کہا کہ اسٹیٹ لائف نے سال کا پہلا پریمیئم بشمول رینیول حاصل کیا ہے جو 169 ارب روپے سے بڑھ کر 176 ارب ہوگیا ہے جو کہ 10.38 فیصد اضافے کی عکاسی کرتا ہے۔ اسٹیٹ لائف نے سال 2016 میں تمام کلیمز کی مد میں 116.392 ارب روپے کی مجموعی رقم ادا کی۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ لائف ملک کی سب سے بڑی انشورنس کارپوریشن ہے جو عوام کے طبقات کو انشورنس کی سہولیات فراہم کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ لائف بہت جلد ونڈو تکافل آپریشن شروع کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کارپوریشن کی حیثیت دیگر مالیاتی اداروں سے منفرد ہے جس کو ہمیں صحت مند تجارتی بنیادوں پر استوار کرنا ہے، یہ بھی کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں ہے کہ ہمارے ملک کو بچت کی زیادہ ضرورت ہے اور یہ کام ہم ہی بہتر انداز میں کرسکتے ہیں۔ اس موقع پر انہوں نے کنوینشن کے باقاعدہ آغاز کا اعلان کیا اور تمام شرکائے کنوینشن کو بھرپور مبارک باد پیش کی۔ تقریر کے اختتام پر چیئرمین نے شرکاء میں گولڈ میڈل اور شیلڈ پیش کیں۔ ان کے ہمراہ ایگزیکٹو ڈائریکٹرز، ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ، متعلقہ ریجنل چیف اور زونل ہیڈز بھی موجود تھے۔

چائے کے وقفے کے بعد کوالیفائر کے درمیان تجربات کی روشنی میں تقریری مقابلہ ہوا جس میں تمام ریجنز کے کوالیفائرز نے گہری دلچسپی لی، مقابلہ کا موضوع تھا "How to recruit/whom to recruit"۔ اول، دوم اور سوم پوزیشن جناب صداقت احمد، جناب سردار احمد طارق اور جناب چوہدری ایم بشارت نے حاصل کی۔ خصوصی انعام جناب ظہور احمد کو دیا گیا۔

کنوینشن 2017 کے آخر میں ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے فرداً فرداً تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے اسٹینڈنگ کمیٹی، ورکنگ کمیٹی، مارکیٹنگ ڈویژن اور سی سی ڈی کا خاص طور پر کنوینشن کے انتظامات پر شکریہ ادا کیا اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے ہوٹل انتظامیہ کا بھی شکریہ ادا کیا، کنوینشن 2017 میں کمپیئرنگ کے فرائض ایریا منیجر فیصل آباد زون جناب ایم رضوان نے ادا کئے۔

(تحفظ رپورٹ)



# کراچی سدرن زون کے ایریا منیجرز و سیلز منیجرز کے لئے کانفرنس کا انعقاد

گزشتہ دنوں سدرن زون کے زیر اہتمام ایریا منیجرز و سیلز منیجرز کانفرنس کا انعقاد کراچی کے نیشنل میوزیم آڈیٹوریم میں ہوا جس میں اعلیٰ کارکردگی کے حامل ایریا منیجرز اور سیلز منیجرز نے بڑی تعداد



ریجنل چیف چوہدری اختر حسین کانفرنس کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

میں شرکت کی۔ ریجنل چیف چوہدری اختر حسین اس تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔ زونل ہیڈ محمد سعید خان نے پھولوں کے ہار پہنا کران کی اعلیٰ کارکردگی کو سراہا۔ تقریب کے آرگنائزر اے جی ایم محمد شاہد تھے اور کانفرنس کی نظامت کے فرائض سیکٹر ہیڈ شیر ظفر خان نے ادا کیئے کانفرنس ہال بھوربن کنونیشن کا منظر پیش کررہا تھا۔ اسٹیج پر اے جی ایم ندیم قادری، اے جی ایم محمد شاہد، سیکٹر ہیڈ عابد مسعود، سیکٹر ہیڈ ڈاکٹر عبدالصمد شیخ، سیکٹر ہیڈ عبدالمنان شیخ، سیکٹر شیر ظفر خان، صدر فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن راجہ مظفر حسین، جنزل سیکریٹری معیز احمد تشریف فرما تھے۔ تمام مقررین نے ساتھیوں کو بھوربن کنونیشن، سوات اور بھرتی کے لئے بھرپور تلقین کی۔

اے جی ایم ندیم قادری نے حالیہ 25 ویں بھوربن کنوینشن کے تجربات بیان کرتے ہوئے بلند اہداف کو چیلنج کے ساتھ قبول کرتے ہوئے صحت مندانہ مسابقت کو اپنانے پر زور دیا اور سوات کنٹیسٹ جیتنے کے لئے کہا۔

زونل ہیڈ محمد سعید خان نے آج کی خوبصورت میٹنگ اور ساتھیوں کی شرکت کو سراہا انہوں نے کہا کہ اپنے کاروبار کے لئے کئی مرتبہ اپنی ذاتی و خاندانی قربانیاں دینی پڑتی ہیں۔ تمام سیلز منیجرز کو بھرپور صلاحیتیں بروئے کار لانی چاہئیں۔ انہوں نے رب العزت کا شکر ادا کرتے ہوئے بتایا کہ ہمارے 3 زون میں الیکشنز اور دیگر معاملات بھی تھے لیکن بہترین زونل ٹیم ورک سے پاکستان بھر میں جولائی 2017 میں اول پوزیشن حاصل کی۔

ریجنل چیف چوہدری اختر حسین نے کہا کہ آپ کے زونل ہیڈ محمد سعید خان نے ماہ ستمبر پلس کرنے کا عندیہ دیا۔ انہوں نے مبارک باد دی کہ جولائی 2017 میں آپ کے زون نے 77 فیصد اضافہ کے ساتھ پورے پاکستان میں ٹاپ کیا ہے جبکہ کراچی ایسٹرن زون نے سبمیشن میں ٹاپ کیا۔ ڈویژنل ہیڈ کی اچھی کارکردگی پر کہا کہ آپ نے سال 2017 کو بہت اچھا کلوز کرنا ہے۔ مجھے قوی امید ہے کہ آپ کا زون اس سال اوّل پوزیشن پر ہوگا اور بڑی تعداد بھوربن کنوینشن اور سوات کنٹیسٹ کے لئے کوالیفائی کرے گی۔

تقریب کے آخر میں ایریا منیجر بابولعل اور سیلز منیجر اسلم پرویز نے ملی نغمات بھی پیش کیئے۔ آخر میں اے جی ایم محمد شاہد نے شرکاء کا شکریہ ادا کیا۔



زونل ہیڈ محمد سعید خان کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں




ریجنل چیف چوہدری اختر حسین سینئر سیلز منیجر اسلم پرویز کو ہار پہنا رہے ہیں




کانفرنس کے شرکاء کا ریجنل چیف چوہدری اختر حسین اور زونل ہیڈ محمد سعید خان کے ساتھ گروپ فوٹو

رپورٹ: اسلم پرویز
کراچی سدرن زون

# راولپنڈی زون میں لکی ڈرا اور تقریب تقسیم انعامات

راولپنڈی زون کی لکی ڈرا اور کوالیفائرز کے اعزاز میں ایک خوبصورت تقسیم انعامات منعقد ہوئی جس کے مہمان خصوصی ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین تھے۔ تقریب کی صدارت ریجنل چیف



ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے

(نارتھ) چوہدری محمد اعجاز نے کی۔ تقریب میں زونل ہیڈ چوہدری محمد یوسف فاروقی، ڈپارٹمنٹل ہیڈز، سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز اور فیلڈ کارکنان نے شرکت کی۔ سالانہ بنیاد پر اسٹیج پر نمبرون سیکٹر ہیڈ جناب محمد نواز عباسی، ایریا منیجر جناب محمد آصف، سیلز منیجر جناب محمد نصیر، سیلز آفیسر جناب محمد نعیم اور سیلز نمائندہ جناب محمد ارشد کو بٹھایا گیا۔


مہمانان گرامی ڈویژنل ہیڈ جناب اظہر حسین اور ریجنل چیف کے آنے پر تقریب کے شرکاء نے ان کا بھرپور استقبال کیا۔ مہمانان کو گلدستے پیش کئے گئے اور ہار پہنائے گئے۔





ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین، ایریا منیجر جناب محمد آصف کو عمرہ کا ٹکٹ دیتے ہوئے

زونل ہیڈ راولپنڈی نے جناب اظہر حسین کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا ان کی موجودگی سے فیلڈ فورس کی بہت حوصلہ افزائی ہوئی ہے۔ چوہدری محمد یوسف فاروقی نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جناب اظہر حسین کی قیادت میں اسٹیٹ لائف اور بالخصوص مارکیٹنگ ڈویژن میں بہت تیزی سے اصلاحات ہو رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ راولپنڈی زون کی ترقی میں جناب اظہر حسین کا بہت نمایاں کردار ہے اور ہم سب آج فخر کرتے ہیں کہ جناب اظہر حسین کا تعلق راولپنڈی زون سے ہے اس کے ساتھ میں تمام کوالیفائرز کو سلام پیش کرتا ہوں جو اپنی محنت



ریجنل چیف نارتھ چوہدری محمد اعجاز کا شرکاء سے خطاب

اور اچھی کارکردگی کی بنا پر اس تقریب میں شامل ہوئے ہیں۔

ریجنل چیف (نارتھ) چوہدری محمد اعجاز نے تمام کوالیفائرز کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ ان سرگرمیوں سے ہماری فیلڈ فورس میں نیا جذبہ پیدا ہوگا۔

ڈویژنل ہیڈ جناب اظہر حسین نے ریجنل چیف، زونل ہیڈ اور تمام شعبوں کے سربراہان کا شکریہ ادا کیا جن کی وجہ سے یہ تقریب اتنے خوبصورت ماحول میں ہو رہی ہے انہوں نے اپنے مخصوص انداز میں فیلڈ فورس کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں مزید محنت اور لگن سے کام کرنے کی ضرورت ہے تا کہ کارپوریشن میں ان کو نمایاں مقام حاصل ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ لائف کا وقار آپ لوگوں کی وجہ سے ہے اور مجھے یقین کامل ہے کہ اس سال راولپنڈی زون کارپوریشن میں پہلی پوزیشن حاصل کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ میرا تعلق بھی اس زون سے ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ راولپنڈی زون کارپوریشن میں اپنی کامیابی کے جھنڈے گاڑے گا۔

بعد ازاں لکی ڈرا کی قرعہ اندازی ہوئی جس میں 5 عمرہ کے ٹکٹ، 5 موٹر سائیکل اور دوسرے قیمتی انعامات شامل تھے۔



زونل ہیڈ چوہدری محمد یوسف فاروقی اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے

کوالیفائرز میں انعامات کے چیکس تقسیم کئے گئے اور سابق چیئرمین نوید کامران بلوچ کے لوگو والی 71 خوبصورت شیلڈز بھی تقسیم کی گئیں۔ تمام نمایاں پوزیشن کے حامل کوالیفائرز کو ہار پہنائے گئے۔

ایریا منیجرز، سیلز منیجرز، سیلز آفیسرز اور سیلز نمائندگان کے آپس میں مقابلے رکھے گئے اور خوبصورت ٹرافیوں کا اعلان کیا گیا۔ جناب اظہر حسین نے ان مقابلوں کو بہت سراہا اور مارکیٹنگ ڈویژن کی طرف سے بھی انعامات کا اعلان کیا۔



راولپنڈی زون کے مایہ ناز ایریا منیجرز جناب ملک محمد آصف، محمد رمضان اور راجہ تنویر کوثر ٹرافی کے حصول کے لئے آپس میں مدمقابل ہیں

تقریب کے آخر میں زونل ہیڈ نے تقریب کے منتظمین کو زبردست اہتمام کرنے پر مبارک باد دی اور خراج تحسین پیش کیا۔

**رپورٹ: عابد محمود ملک**
**ڈپٹی منیجر، راولپنڈی زون**

# ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین کا دورہ فیصل آباد زون





گزشتہ دنوں ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے کاروبار کی ترقی کے حوالے سے فیصل آباد ریجن اور فیصل آباد زون کا دورہ کیا۔ معزز مہمان کی آمد پر ریجنل چیف جناب خالد محمود شاہد اور زونل سربراہ چوہدری سرفراز احمد نے شاندار استقبال کیا، پھولوں کے گلدستے پیش کئے اور پتیاں نچھاور کی گئیں۔ چونکہ ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ کا دورہ کاروبار کے تنقیدی جائزے کے حوالے سے تھا اس حوالے سے فیصل آباد زون کے تمام ایریا مینیجرز اور سیکٹر ہیڈز صاحبان کی میٹنگ فیصل آباد زون کی بلڈنگ کے بورڈ روم میں زونل سربراہ چوہدری سرفراز احمد کی سربراہی میں ہوئی۔ میٹنگ کے



مہمان خصوصی جناب اظہر حسین تھے۔ ریجنل چیف فیصل آباد ریجن جناب خالد محمود شاہد نے بھی اس سلسلہ میں معاونت فرمائی۔

میٹنگ کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبولؐ سے ہوا۔ ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے اعلیٰ کارکردگی دکھانے والے ایریا مینجرز کو ہار پہنائے جنہوں نے ماہ اکتوبر 2017 کی پریمیم سال اول کی بنیاد مکمل کرلی۔ پہلے 10 نمبر پر آنے والے ایریا مینجرز کو والیوم اور پرسنٹیج کی بنیاد پر ہار پہنائے گئے۔ پہلے 10 نمبر پر آنے والے سیکٹر ہیڈز کو بھی ہار پہنائے گئے۔ نظامت کے فرائض بیمہ بروسیکٹر کے ایریا منیجر جناب محمد رضوان ارشد نے سرانجام دیئے۔

زونل سربراہ فیصل آباد زون چوہدری سرفراز احمد نے تمام حاضرین کوخوش آمدید کہا اور اپنے قائدین کا شکریہ ادا کیا کہ آپ کے آنے سے ہماری حوصلہ افزائی ہوئی اور ایک نیا جوش و جذبہ ملا۔ ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے ماہ ستمبر 2017 میں شاندار کارکردگی دکھانے پر جناب خالد محمود شاہد اور چوہدری سرفراز احمد کو مبارک باد دی اور ساتھ ساتھ تمام بہتر کارکردگی دکھانے والوں کو بھی مبارک باد دی اور جو خاطر خواہ کارکردگی نہ دکھا سکے ان کی بھی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے آنے والے دنوں میں بہتر کارکردگی دکھانے پر زور دیا گیا۔ اس حوالے سے فیصل آباد زون کے تمام ایریا منیجرز کو سات گروپس میں تقسیم کرکے پول منی مقابلہ کا انعقاد کیا گیا۔ ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے اعلان کیا کہ فیصل آباد زون نے کاروباری ترقی کے حوالے سے جو مقابلہ جات جاری کئے ہوئے ہیں اس میں مارکیٹنگ ڈویژن مبلغ 10 لاکھ روپے مہیا کرے گا بشرطیکہ زون کے سالانہ منفی نتائج کو مثبت نتائج میں داخل کرنا ہوگا اور ساتھ ساتھ فیصل آباد زون کا پریمیم سال اول کم از کم 10 کروڑ مکمل کرنا ضروری ہوگا۔

زونل سربراہ فیصل آباد زون نے ماہ اکتوبر میں جاری تمام مقابلہ جات کی شرائط وضوابط پر روشنی ڈالی اور سیلز منیجرز کے درمیان 15 عدد عمرہ کے ٹکٹ اور مقابلہ کی تفصیلات بتائی گئیں اس کے علاوہ جناب خالد محمود شاہد ریجنل چیف فیصل آباد ریجن نے فیصل آباد زون کے سیکٹر ہیڈز کے درمیان ماہ اکتوبر 2017 میں ایکیٹوٹی ریشو پر مبنی مقابلہ پر روشنی ڈالی جس پر ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے ان کی کاوشوں کو سراہا اور یقین دلایا کہ اگر فیصل آباد زون آخری کوارٹر میں شاندار کارکردگی دکھانے میں کامیاب ہوگیا تو فیصل آباد زون نہ صرف حسب معمول کارپوریشن کا نمبر 1 زون ہوگا بلکہ 2017 کے اختتام پر ایک نئی تاریخ رقم کرے گا۔ آخر میں زونل سربراہ فیصل آباد زون نے تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا۔



رپورٹ، محمد یلیین مان
اسسٹنٹ منیجر، فیصل آباد زون

# خیبر پختونخواہ ریجن میٹنگ، ریجنل آفس پشاور



بزنس میٹنگ کے موقع پر ریجنل چیف خیبر پختونخواہ جناب خالد منصور کے ہمراہ شرکاء کا گروپ فوٹو

گزشتہ دنوں خیبر پختونخواہ ریجن پشاور میں ایک بزنس میٹنگ منعقد ہوئی جس کی صدارت ریجنل چیف خیبر پختونخواہ جناب خالد منصور نے کی۔ اس تقریب میں زونل سر براہان، سیکٹر ہیڈز، افسران واسٹاف نے شرکت کی۔

میٹنگ کا آغاز ریجنل چیف خیبر پختونخواہ جناب خالد منصور نے کیا انہوں نے کہا کہ یہ میٹنگ ہمارے ریجنل آفس خیبر پختونخواہ ریجن میں ہورہی ہے۔ انہوں نے کہا یہ میٹنگ



ریجنل چیف خیبر پختونخواہ جناب خالد منصور، زونل ہیڈ ایبٹ آباد زون جناب انوارالحق کو گولڈ میڈل پہنار ہے ہیں

کسی اور جگہ بھی ہوسکتی تھی لیکن ہم نے اس بات کو ترجیح دی کہ میٹنگ اپنے آفس میں ہو۔ انہوں نے کہا کہ کارپوریشن کی سطح پر ہمارا ریجن دوسرے نمبر پر ہے اور اس پر ہم اللہ تعالیٰ کے شکر گزار ہیں۔ انہوں نے یہ خوشخبری بھی دی کہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے Illustration کا معاملہ فی الحال ختم ہوا۔



ریجنل چیف خیبر پختونخواہ جناب خالد منصور، زونل ہیڈ سوات زون جناب عبدالرؤف کے ساتھ نمایاں ہیں

اس موقع پر ریجنل چیف خیبر پختونخواہ نے سیکٹر ہیڈز میں پوزیشن لینے والوں کو ہار پہنائے اور گولڈ میڈلز دیئے۔ انہوں نے زونل سر براہان، سیکٹر ہیڈز کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر انہوں نے زونل ہیڈ ایبٹ آباد، زونل ہیڈ کوہاٹ اور زونل ہیڈ پشاور زون کو اول، دوم اور سوم آنے پر ہار پہنائے۔

ریجنل چیف خیبر پختونخواہ نے تفصیل کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جو سیکٹر ہیڈ توجہ کے ساتھ کام کرتے ہیں وہ کبھی ناکام نہیں ہوتے اور جو توجہ سے کام نہیں کرتے اسے جرمانہ کیا جائے گا۔ انہوں نے سیلز مینیجرز، سیلز آفیسرز اور سیلز ریپریزنٹیٹوز کو ہر ہفتہ وار میٹنگ کرنے پر زور دیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ بزنس پر زیادہ توجہ دینے کی ضرورت ہے تاکہ زونوں کی کارکردگی بہتر ہو۔ انہوں نے سیکٹر ہیڈ اور ایریا مینیجرز کو باقاعدگی سے اپنی فیلڈ فورس کے ساتھ میٹنگ کرنے پر زور دیا۔

بعد ازاں زونل ہیڈ ایبٹ آباد، زونل ہیڈ پشاور، زونل ہیڈ کوہاٹ اور زونل ہیڈ سوات نے خطاب کیا انہوں نے اپنے خطاب میں بزنس بڑھانے اور اپنے زونوں کی مشکلات کا ذکر کیا۔ انہوں نے فیلڈ کے لوگوں پر یہ بات زور دے کر کہی کہ ہمیں بزنس بڑھانے کی اشد ضرورت ہے۔



ریجنل چیف خیبر پختونخواہ جناب خالد منصور، سیکٹر ہیڈ کوہاٹ زون جناب جاوید عرفان کو گولڈ میڈل پہنار ہے ہیں

تقریب کے اختتام پر ریجنل چیف نے تمام شرکائے محفل کا دل سے شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر جناب نمائش خان نے دعا کرائی۔

رپورٹ: مختار یوسف زئی
پی اے ٹو ریجنل چیف خیبر پختونخواہ ریجن

# ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین کا گلگت زون کا باقاعدہ افتتاح

اسٹیٹ لائف انشورنس گلگت زون کا افتتاح ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے فیتہ کاٹ کر باقاعدہ طور پر کیا اس موقع پر زونل ہیڈ سردار بیگم کے علاوہ سیکٹر ہیڈ گلگت سٹی اور سیکٹر ہیڈ اسکردو کے علاوہ ایریا منیجرز اور سیلز منیجرز نے شرکت کی۔ ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گلگت زون کو بنانے میں مرحوم شیر غازی کا کردار ہے انہوں نے یہاں پر اسٹیٹ لائف انشورنس کی بنیاد رکھی۔ آج مجھے خوشی ہے کہ ان کی شریک حیات آج گلگت زون کی زونل ہیڈ ہیں۔ یہ زون آپ کی محنت کا صلہ ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان میں اس ادارے سے بڑھ کر کوئی ادارہ نہیں ۔ اسٹیٹ لائف 824 ارب کے اثاثہ جات رکھتا ہے۔ اسٹیٹ لائف نے اس سال 77 ارب روپے حکومت پاکستان کو دیئے۔ یہ سب فیلڈ فورس کی محنت کا نتیجہ ہے۔ آپ کو ادارے پر فخر ہونا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ ہم فیلڈ فورس کی بہتری کے لئے کوشاں ہیں۔ اس سال سے گلگت زون نمبر ون ہوگا یہاں پر ڈاکیومنٹس بنیں گے یہاں سے چیک مل جائیں گے اور آپ تمام فیلڈ ورکرز کے مسائل یہاں سے حل ہوں گے۔ اب یہ ذمہ داری آپ پر عائد ہوتی ہے کہ اس زون کو کس طرح ترقی دینی ہے۔ آپ بخوبی آگاہ ہیں آج تک کشمیر زون نہیں بنا لیکن میں نے اپنی جدوجہد سے گلگت زون کو بنایا کیونکہ شیر غازی مرحوم کا ایک خواب تھا اور اس خواب کو ہم نے حقیقت کا روپ دیا۔

رپورٹ: قیامت جان
سیلز منیجر، گلگت زون

# ہنزہ کی تقریب میں ریجنل چیف نارتھ جناب چوہدری اعجاز کی خصوصی شرکت





گزشتہ دنوں ہنزہ کریم آباد ایریا آفس میں ایک پروقار تقریب اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کے حوالے سے منعقد ہوئی۔ تقریب میں سیکٹر ہیڈ سخی مدد نے خصوصی شرکت کی۔ اس کے علاوہ ایریا منیجرز میر باز خان اور سیلز منیجر قاری گری خان کے علاوہ فیلڈ کارکنوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ اس کے بعد ایریا منیجر جناب میر باز خان نے اسٹیٹ لائف انشورنس کے حوالے سے شرکاء سے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ جون کا مہینہ بہت ہی اہمیت رکھتا ہے۔ اس مہینے میں فیلڈ کارکنوں کو محنت کی ضرورت ہے۔ انہوں نے اسٹیٹ لائف انشورنس گلگت زون کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ اس سال گلگت زون اپنا کام شروع کردے گا اس کے لئے اپنے آپ کو تیار کریں اور محنت کریں۔ انہوں نے قیمت جان کی کارکردگی کی تعریف کی۔ سیکٹر ہیڈ سخی مدد نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محنت کے ذریعے ہی ہم آگے بڑھ سکتے ہیں۔ اسٹیٹ لائف کے پاس بہت ہی معیاری پروڈکٹ ہیں۔ آپ گھر گھر اسٹیٹ لائف کا پیغام پہنچادیں اور اس مہینے اپنے ٹارگٹ کو پورا کریں۔ اسٹیٹ لائف میں ترقی کے لئے صرف محنت کی ضرورت پڑتی ہے۔ سیکٹر ہیڈ سخی مدد اور ایریا منیجر میر باز خان نے دسمبر میں کارکردگی دکھانے والے فیلڈ کارکنوں میں انعامات تقسیم کئے۔ سیلز آفیسر گلگت زون قیمت جان نیزائی کو اعلیٰ کارکردگی پر سیکٹر ہیڈ نے خصوصی ہار پہنایا۔ اس کے علاوہ سیما جبیں، جمیرہ، دادو خان، قیمت کریم، نسیم اور دیگر کو انعامات سے نوازا گیا۔ اس طرح یہ تقریب اپنے اختتام کو پہنچی۔

رپورٹ: قیامت جان
سیلز منیجر، گلگت زون






# اسٹیٹ لائف کلب پرنسپل آفس کی سالانہ پکنک



کراچی سے دور 125 کلومیٹر کی مسافت پر کلری جھیل ٹھٹھہ میں اسٹیٹ لائف کلب کے ممبران نے گزشتہ سال کی طرح اس سال بھی شاندار پکنک کا پروگرام ترتیب دیا جس میں کلب کے ممبران کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ انسانی صلاحیت کو بڑھانے کے لئے آب و ہوا کی تبدیلی ضروری ہے۔ شب و روز دفتری کاموں میں مشغول افسران و اسٹاف اسٹیٹ لائف کلب ممبران نے پکنک کے انتظام انتہائی منظّم طریقے سے انجام دیئے۔ راستے میں ریفریشمنٹ کا بھی انتظام کیا گیا تھا۔

تفریح انسان کو صحت مندر کھنے کے لئے ضروری امر ہے جس سے ذہنی دباؤ میں کمی اور دماغی صلاحیتیں بڑھتی ہیں۔ کلری ٹھٹھہ کے دلفریب مناظر اور وہاں لگژری ریسٹ ہاؤس جو کہ جدید طرز پر تھے، پہلے سے بک کرائے گئے تھے۔ صدر اسٹیٹ لائف کلب پرنسپل آفس کراچی مرزا اقبال بیگ اور ان کی ٹیم کی خصوصی دلچسپی کے سبب اور ممبران کلب کے بے حد اصرار پر دوبارہ کلری جھیل ٹھٹھہ کا انتخاب کیا گیا۔ انتظامات احسن طریقے سے انجام دیئے گئے۔

اس سلسلے میں 27 اکتوبر شام 7 بجے پرنسپل آفس سے تمام ممبران بسوں، کاروں میں روانہ ہوئے اور رات 10 بجے کلری ٹھٹھہ پہنچے جہاں تمام شرکاء کو رات کا کھانا پیش کیا گیا اور رات بھر موسیقی کا پروگرام جاری رہا۔ جس میں غزلوں، گیتوں اور صوفیانہ کلام سے تمام دوست محظوظ ہوتے رہے۔ خود ہی میزبان اور خود ہی مہمان کے مثل ایک دوسرے کی تواضع کرتے رہے اور لطف اندوز ہوتے رہے۔

اگلے دن صبح تمام حاضرین کے لئے حلوہ پوری ترکاری کے ناشتہ کا اہتمام کیا گیا پھر تمام ساتھی کلری ٹھٹھہ کی دلفریب جھیل میں تفریح کرتے رہے۔ دوپہر 2 بجے پکنک کے شرکاء کو کھانا پیش کیا گیا اور یوں تفریح کا یہ پروگرام انتہائی دلکش اور یادگار ثابت ہوا۔ دن بھر کلری جھیل کی موجوں سے کھیلتے ہوئے یادگار لمحات کو سمیٹتے ہوئے 3 بجے دن کراچی کے لئے روانہ ہوئے۔

رپورٹ: جنیدالرحمان
سی سی ڈی





# جھنگ زون کے زیراہتمام ایک شاندار سیمینار

جھنگ زون کے زیراہتمام سرینا ہوٹل فیصل آباد میں کیریئر پریزنٹیشن پر ایک شاندار سیمینار منعقد ہوا۔ جس کی صدارت ریجنل چیف فیصل آباد ریجن جناب خالد محمود شاہد نے کی۔ جس میں جھنگ زون کے تقریباً 700 فیلڈ کارکنان، سیلز آفیسرز، سیلز منیجرز اور ایریا منیجرز نے شرکت کی۔

تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ تلاوت قرآن پاک کی سعادت ایریا منیجر جناب محمد فاروق ملک نے حاصل کی۔ سیلز آفیسر جناب مصور حسین شاہ نے نعت رسول مقبولؐ پیش کرنے کی سعادت حاصل کی۔ جھنگ زون میں سال 2017 میں اچھی کارکردگی پیش کرنے والے تمام فیلڈ کارکنان اور افسران کو زون کی طرف سے ٹرافیاں دی گئیں جن میں سیلز آفیسر عابد حسین، سیلز منیجر قیصر عباس، سیلز منیجر عنصر علی ثاقب اور سیکٹر ہیڈ ملک محمد فاروق کو جناب خالد محمود شاہد نے ہار پہنائے اور ٹرافیاں دیں۔ ریجنل چیف جناب خالد محمود شاہد نے جھنگ زون کو مسلسل ٹاپ کرنے اور زونل سربراہ کی صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے ٹرافی پیش کی۔

فیصل آباد کے ٹاپ سیلز منیجر جناب فیصل علیم نے اسٹیٹ لائف کے کیریئر پر شاندار ملٹی میڈیا پریزنٹیشن دی۔ ایریا منیجر فیصل آباد زون جناب صداقت حسین شاہ نے تقریب سے خطاب کیا۔ سیکٹر ہیڈ بیمہ برادرز سیکٹر فیصل آباد زون جناب محمد سرور نے اسٹیٹ لائف کے کیریئر پر زبردست پریزنٹیشن دی۔

زونل ہیڈ جھنگ زون جناب محمد اکبر مغل نے تقریب سے دھواں دھار خطاب کیا اور اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان جھنگ زون کی کامیابیوں پر روشنی ڈالی۔ جناب محمد اکبر مغل نے اپنے خطاب کے دوران بتایا کہ اس وقت جھنگ زون دن دگنی رات چوگنی ترقی کر رہا ہے۔ کاروبار سال اول کے ساتھ ساتھ ماشاء اللہ جھنگ زون کی کارکردگی پالیسی ہولڈرز کی خدمات کے تمام شعبہ جات میں بھی بہت بہتر ہوگئی ہے۔ تمام خدمات پالیسی ہولڈرز کو بروقت مہیا کی جارہی ہیں۔

جھنگ زون کے تمام شعبوں میں ترقی کا سارا سہرا جناب ریجنل چیف فیصل آباد جناب خالد محمود شاہد کی قائدانہ صلاحیتوں کو جاتا ہے ان کی شب و روز کاوشوں سے جھنگ زون اس وقت کارپوریشن کا لیڈنگ زون بن گیا ہے۔

ریجنل چیف خالد محمود شاہد نے اپنے خطاب سے تقریب کو چار چاند لگادیئے انہوں نے اپنے خطاب کے دوران جھنگ زون کے تمام فیلڈ کارکنان، آفیسرز، ایریا منیجرز اور سیکٹر ہیڈز کے ساتھ ساتھ زونل ہیڈ جناب محمد اکبر مغل کے کام کی تعریف کی اور دعا کی کہ جھنگ زون اپنے کام کی وجہ سے کارپوریشن کا نمبرون زون بنا ہے اور انشاءاللہ نمبرون بنا رہے گا۔



زونل ہیڈ جھنگ زون جناب محمد اکبر مغل تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

آخر میں جھنگ زون کی جانب سے ماہ جون 2017 کے کاروبار کی بنیاد پر شاندار قرعہ اندازی کا اہتمام کیا گیا جو سیکٹر کی بنیاد پر کی گئی جس میں 140 خوش نصیب کارکنان آفیسران اور منیجران کو انعامات دیئے گئے جس میں موٹر سائیکلز، واٹر ڈسپنسرز، مائیکروویو اوون، TABS اور LED شامل تھے۔

رپورٹ: ممتاز احمد سیال
انچارج شعبہ زونل سربراہ، سیکریٹریٹ جھنگ زون



ریجنل چیف جناب خالد محمود شاہد، زونل ہیڈ جھنگ زون جناب محمد اکبر مغل کو اُن کی بہترین کارکردگی پر ٹرافی پیش کر رہے ہیں



ریجنل چیف فیصل آباد جناب خالد محمود شاہد کا شرکائے سیمینار کے ساتھ گروپ فوٹو



جھنگ زون کے زیراہتمام تقریب میں شرکاء کا ایک منظر

# وفاقی وزیر مملکت برائے تجارت وٹیکسٹائل کا اسٹیٹ لائف بلڈنگ فیصل آباد ریجن کا دورہ

وفاقی وزیر مملکت برائے تجارت وٹیکسٹائل حاجی محمد اکرم انصاری نے فیصل آباد میں اسٹیٹ لائف کی بلڈنگ کا دورہ کیا۔ وفاقی وزیر کا ریجنل چیف فیصل آباد ریجن جناب خالد محمود شاہد، زونل ہیڈ فیصل آباد چوہدری سرفراز احمد، تمام ریجنل انچارجز، آفیسر ایسوسی ایشن کے صدر ڈاکٹر اختر رحمانی، جنرل سیکریٹری چوہدری تنویر الحق اور دیگر افسران و اسٹاف نے پرتپاک استقبال کیا۔

تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ ریجنل چیف فیصل آباد نے کارپوریشن کی کارکردگی کی رپورٹ پیش کی۔ انہوں نے بتایا کہ کارپوریشن کا لائف فنڈ 750 بلین روپے تک پہنچ چکا ہے اور اسٹیٹ لائف مسلسل ترقی کی طرف گامزن ہے۔ اسٹیٹ لائف گزشتہ 45 سالوں سے لوگوں کی خدمت کر رہا ہے۔ پچھلے سال 17.5 بلین روپے کے کلیم متاثرہ افراد کو دیئے گئے۔ وزیر اعظم کی ہیلتھ انشورنس اسکیم کے بارے میں اسٹیٹ لائف کی خدمات کا بھی ذکر کیا گیا۔

فیصل آباد بزنس کے حوالے سے ریجنل چیف نے بتایا کہ فیصل آباد زون نے ایک ارب چالیس کروڑ پریمیم سال اول کا ہدف مکمل کیا۔ اس وسیع بزنس کو کنٹرول کرنا یقیناً ایک مشکل کام ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اسے دو زونز میں تقسیم کیا جائے۔ اس کے لئے ریجنل چیف نے فیصل آباد زون اور جڑانوالہ زون کی تجویز پیش کی۔

دوران میٹنگ ریجنل چیف نے تمام ریجنل انچارجز کا تعارف اور ان کے ڈپارٹمنٹ کے بارے میں بتایا۔ فیصل آباد ریجن 15 مئی 2015 کو معرض وجود میں آیا۔ فیصل آباد ایک مکمل انڈسٹریل ایریا ہے یہی وجہ ہے کہ فیصل آباد ریجن کارپوریشن میں پہلی پوزیشن پر براجمان ہے۔ اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کے ٹاپ پروڈیوسر (ایریا منیجر۔ سیکٹر ہیڈ، سیلز منیجر، سیلز آفیسر، سیلز نمائندہ) فیصل آباد ریجن کے ہی ہیں۔ آخر میں فیصل آباد کے سب سے بڑے مقامی چینل نے وزیر مملکت کا انٹرویو ریکارڈ کیا اور پوری تقریبی کارروائی کو کوریج دی۔

وفاقی وزیر مملکت برائے تجارت وٹیکسٹائل حاجی محمد اکرم انصاری نے وزیر اعظم کی اسٹیٹ لائف ہیلتھ انشورنس اسکیم کے حوالے سے ادارے کی خدمات کو سراہا اور کہا کہ اسٹیٹ لائف یقیناً ایک فلاحی ادارہ ہے جو کہ دو لاکھ سے زائد خاندانوں کی کفالت کر رہا ہے۔ آخر میں وفاقی وزیر حاجی محمد اکرم انصاری نے ادارے کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی کروائی۔ آخر میں ریجنل چیف فیصل آباد جناب خالد محمود شاہد نے معزز مہمان خصوصی اور دیگر افراد کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے اپنی گوناگوں مصروفیات میں سے وقت نکالا اور ہم سب کی حوصلہ افزائی کی۔

رپورٹ: مراد علی

انچارج ریجنل چیف سیکریٹریٹ، فیصل آباد ریجن



(بائیں سے دائیں) جنرل سیکریٹری آفیسر ایسوسی ایشن چوہدری تنویر الحق، زونل ہیڈ فیصل آباد چوہدری سرفراز احمد، صدر آفیسر ایسوسی ایشن اور ریجنل انچارج پی ایچ ایس ڈاکٹر اختر رحمانی، ریجنل چیف فیصل آباد خالد محمود شاہد، سیکٹر ہیڈ کلیم اللہ پاشا، ریجنل انچارج ایف اینڈ اے مجاہد غنی، ریجنل انچارج پی اینڈ جی ایس ملک محمد اسلم اور انچارج آر ای ڈی شفیق انجم بھی نظر آ رہے ہیں



وفاقی وزیر کو صدر آفیسر ایسوسی ایشن فیصل آباد زون ڈاکٹر اختر رحمانی ہار پہنا رہے ہیں، جنرل سیکریٹری آفیسر ایسوسی ایشن تنویر الحق پاس کھڑے ہیں، اس موقع پر ریجنل چیف اور زونل ہیڈ بھی نمایاں ہیں

# فنِ تقریر...... ہمارے ماحول میں

ہمارے ہاں ہر سطح پر تقریر اور گفتگو کے فن میں مہارت کی ضرورت پڑتی ہے۔ فیلڈ میں متوقع بیمہ دار کو قائل کرنا ہو، کسی میٹنگ میں اپنے ہدف کی تفصیل بتانا ہو یا ساتھیوں کا جوش اور جذبہ ابھارنا ہو، اس فن سے واقفیت کے بغیر کوئی بھی کام بطرزِ احسن تکمیل نہیں پا سکتا۔ اگر آپ انتظامیہ کے متعلق ہیں تو اپنے ساتھیوں سے کام لینے، برابر کے عہدیداروں سے معاملات کرنے اور اپنے افسران کی توقعات پر پورا اترنے کے لئے گفتگو کا حسن نہایت لازم ہے۔ یہ تو رہی عام صورت حال، اب آیئے ہم بات کریں تقریر کے فن کی...... جو ہمارے فیلڈ افسران کی پیشہ ورانہ زندگی کا لازمی حصہ ہے۔ راقم کو آج کل کئی اداروں میں بطور مشیر یا تربیت کار جانے کے مواقع ملتے ہیں اور دیگر اداروں میں بھی یہ صلاحیت بہت کام آتی ہے۔

سب سے پہلے یہ بات ضروری ہے کہ آپ اس موضوع پر عبور رکھتے ہوں جس پر آپ کو مجمع کے سامنے بولنا ہے۔ مثلاً آپ کسی فیلڈ میٹنگ میں ریکروٹمنٹ کی اہمیت اجاگر کرنا چاہتے ہیں تو اس کام میں آپ کو عملی تجربہ ہونا لازمی ہے۔ سامعین یہ بات محسوس کر سکیں کہ آپ جو کہہ رہے ہیں وہ عملاً کرتے بھی ہیں۔ اس کے بعد آپ کی ظاہری حالت بھی مناسب ہونا ضروری ہے۔ اگر آپ شلوار قمیض کے ساتھ جیکٹ کا اضافہ کر لیں تو یہ لباس توجہ کا مرکز بن سکتا ہے۔ پینٹ شرٹ کے ساتھ ٹائی ہو تو اور بھی بہتر ہے۔ بہرحال، سامعین کے ساتھ آپ کی ہم آہنگی زیادہ ضروری ہے تا کہ وہ آپ کو اپنے جیسا محسوس کریں اور آپ کے خیالات کو بہتر طریقے سے اپنائیں۔

ایک صاحب کسی فیکٹری میں سپروائزر کی تربیت کے لئے گئے اور نہایت عمدہ ٹائی اور سوٹ میں ملبوس تھے۔ فیکٹری کے جنرل منیجر نے ان سے کہا کہ جناب یہ ورکر سے ایک درجہ اوپر کے لوگ ہیں۔ آپ کو بڑا صاحب سمجھ کر آپ کی باتوں پر دھیان نہ دیں گے۔ اس کے بعد کے دنوں میں وہ صاحب پینٹ اور بش شرٹ پہن کر گئے۔

الفاظ کا انتخاب بھی نہایت اہم ہے۔ الفاظ موضوع سے متعلق، حاضرین کے سطح سے ہم آہنگ اور خوش گوار اثر رکھنے والے ہونے چاہئیں۔ لفظ ''تمہیں'' کی جگہ ''آپ'' کا استعمال زیادہ توجہ حاصل کرتا ہے۔ میں آپ کو یہ سمجھانا چاہ رہا ہوں کی جگہ آپ یقیناً میری بات کو سمجھ رہے ہوں گے زیادہ بہتر ہے۔

زیادہ طویل گفتگو، مشکل الفاظ، اپنی ذات کو مرکز بنا کر واقعات کو دہرانا حاضرین کے لئے بوریت کا باعث ہوتا ہے۔ خصوصاً جب ایک نشست میں دو یا تین سے زائد مقررین ہوں۔ اشعار کا استعمال گفتگو کو جاذب بناتا ہے مگر اشعار برمحل ہوں، صحیح لہجے میں ادا کئے جائیں اور اتنے زیادہ نہ ہوں کہ لوگ متاثر ہونے کے بجائے یہ محسوس کریں کہ اصل بات تو رہ ہی گئی۔ اصل بات جوش اور جذبہ سے، ڈھیلے ڈھالے انداز میں، بے تعلق ہو کر کھڑے ہو کر بات کی جائے تو اس کا اثر نہیں ہوتا۔ گفتگو میں ٹھہراؤ، سنجیدگی اور تھوڑا بہت حسِ مزاح کا استعمال بھی بہتر ہوتا ہے۔ اتنا زیادہ پرجوش ہونا جو موقع اور موضوع سے مناسبت نہ رکھتا ہو، فائدہ مند نہیں ہوتا۔ یہ بھی لازم ہے کہ گفتگو کا آغاز اور اختتام نہایت عمدگی سے کیا جائے۔ آغاز میں توجہ حاصل کرنا اور اختتام پر اثر زیادہ دیر برقرار رکھنا بھی ضروری ہوتا ہے۔

محمد افضل جنجوعہ، سابق ڈویژنل ہیڈ

# کراچی ایسٹرن زون کے تحت کوالیفائرز کے اعزاز میں منعقدہ تقریب تقسیم انعامات







گزشتہ دنوں اسٹیٹ لائف کراچی ایسٹرن زون کے زیراہتمام ایک انعامی مقابلہ کی تقریب منعقد کی گئی۔ اس تقریب میں ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین بحیثیت مہمان خصوصی، ریجنل چیف سدرن چودھری اختر حسین، زونل سربراہ کراچی ایسٹرن زون جناب صدیق اکبر، تمام سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز، آفیسرز و اسٹاف اور انعامی مقابلہ جیتنے والے فیلڈ فورس کے ارکان نے شرکت کی۔ اسٹیج سیکریٹری کے فرائض مشترکہ طور پر جناب محمد اکبر اور سیکٹر ہیڈ کراچی ایسٹرن زون جناب محمد لطیف کیانی نے انجام دیئے۔







تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبولؐ سے ہوا۔

شرکاء سے اپنے خطاب میں جناب اظہر حسین نے اپنے پرُتپاک استقبال پر تمام حاضرین کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے اس موقع پر ریجنل چیف سدرن جناب اختر حسین کو ماہ اکتوبر 2017 میں اول پوزیشن حاصل کرنے پر مبارک باد پیش کی اور زونل سربراہ کراچی ایسٹرن زون جناب صدیق اکبر کو ماہ اکتوبر 2017 میں پوری کارپوریشن میں اول پوزیشن حاصل کرنے پر زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ جناب اظہر حسین نے اس موقع پر زور دیا کہ کراچی ایسٹرن زون کے کارکنان میں بہت پوٹینشل موجود ہے۔ ابھی آپ نے دسمبر تک بھرپور محنت کر کے ایک نئی تاریخ رقم کرنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ محنت میں ہی عظمت ہے ہمیں چاہئے کہ ہم کارپوریشن کو مزید ترقی دینے میں اپنا اپنا حصہ ڈالتے رہیں۔

ریجنل چیف سدرن جناب اختر حسین اور زونل سربراہ کراچی ایسٹرن زون جناب صدیق اکبر نے ریجن اور زون کی کارکردگی کا جائزہ پیش کیا اور اپنے زون اور ریجن کو درپیش مشکلات کا ذکر کیا اور اس کے حل کے لئے جناب اظہر حسین سے درخواست کی۔

اس موقع پر ایریا منیجرز، فیلڈ نمائندگان نے بھی اپنے خیالات کا بھرپور اظہار کیا۔

جناب اظہر حسین اور جناب اختر حسین نے مقابلے کے شرکاء میں بذریعہ قرعہ اندازی انعامات تقسیم کیئے۔

رپورٹ: فرحان صابر
پی ایس ٹو زونل ہیڈ، کراچی (ایسٹرن زون)



# تصویری خبرنامہ



ستمبر کلوزنگ کے موقع پر محمد سرور سیکٹر ہیڈ فیصل آباد زون اپنی ٹیم کے ہمراہ



ایگزیکٹو ڈائریکٹر (پی اینڈ جی ایس) جناب غفران میمن دبئی زون کے دورہ کے موقع پر زونل چیف جناب رمضان شاہد کے ہمراہ



اسٹیٹ لائف انشورنس کے ذیلی ادارے الفا انشورنس کے سی ای او جناب اعجاز علی خان کی جانب سے پاکستان بزنس لیڈر اور مسلم کمرشل بینک کے وائس چیئرمین جناب ایس ایم منیر کے اعزاز میں لنچ دیا گیا، تصویر میں مرزا اختیار بیگ، جناب احمد چنائے، جناب حنیف گوہر، جناب شکیل ڈھینگزہ، جناب نور احمد خان کے علاوہ الفا انشورنس کے جنرل منیجر آپریشن محمد خالد شیخ، CFO ایاز غوری، بلیغ الدین اور عمیر ستار ابڑو ہیڈ ایچ آر بھی موجود ہیں



میرپور۔ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین اعلیٰ کارکردگی پر کیش پرائز دیتے ہوئے، زونل ہیڈ میرپور بھی نمایاں ہیں



سکھر زون کے زونل ہیڈ جناب شاہنواز سومرو ٹرافی دیتے ہوئے



ایچ آر ڈی لاہور سینٹرل زون کے محمد افضل بٹ کی صاحبزادی نے پچھلے دنوں میٹرک سائنس میں نمایاں پوزیشن حاصل کی ممبر قومی اسمبلی سمن افضل کو شیلڈ دے رہے ہیں

# اسٹیٹ لائف میدانِ عمل میں



زونل ہیڈ جھنگ زون جناب محمد اکبر مغل مرحوم عطا الرحمٰن کی بیوہ نبیلہ عطا کو مبلغ ایک کروڑ بیس لاکھ روپے کا ڈیتھ کلیم چیک دے رہے ہیں



زونل ہیڈ کراچی ایسٹ جناب صدیق اکبر 75 لاکھ 57 ہزار 546 روپے کا میچورٹی چیک پالیسی ہولڈر کو دیتے ہوئے



فیصل آباد زون: ریجنل چیف فیصل آباد جناب خالد محمود شاہد، سیلز منیجر قاسم علی مرحوم کے گروپ انشورنس کے چیک مبلغ 41 لاکھ روپے ان کے بیٹے کو دیتے ہوئے، ریجنل انچارجز معظم علی معظم اور محمد اسلم بھی نمایاں ہیں



سیلز آفیسر ایم سلیم خاور، بیمہ دار عالم زیب مری مرحوم کا ڈیتھ کلیم چیک مبلغ دس لاکھ پچاس ہزار روپے ان کے والد کو دیتے ہوئے




گجرات زون: زونل ہیڈ چوہدری محمد ارشد، مرحوم بیمہ دار سید تصور حسین شاہ کے بھائی سید قمر شاہ کو ڈیتھ کلیم چیک مبلغ 5 لاکھ 37 ہزار 6 سو روپے دے رہے ہیں جبکہ سیلز منیجر عامر حسین بٹ بھی ساتھ کھڑے ہیں

# Corporate Communication Department Achievements in this Quarter

## CCD Introduction

Corporate Communication Department oversees and manages the communication strategy, media relation, internal and external communication with news agencies and Press Information Department and also plays pivotal role in framing marketing strategies for the greater image of the corporation. In this connection, CCD continues to strive to meet up the fast paced media world and continue to maintain the positive image of branding of State Life in Public.




## Facebook Page Introduction

In this quarter, CCD has successfully initiated the launch of first ever official Facebook page of State Life. This was done in order to grasp the attention of youth which is the largest demographic population in Pakistan and also our prospect customers.

The page was launched on 01/09/2017 following Eid ul Azha & started with Eid greetings. In last two months the page has reached over 44 thousand likes & followers.

This page creates the brand persona through campaigns, Adverts and videos that State Life is a trusted insurance company and also awareness regarding different products is enhanced through this page and seasonal campaigns like Eid, Cancer awareness, Ashura, Teachers Day are promoted. The web address of State Life's official Facebook page is www.facebook.com/statelifepakistan/. CCD invites all to visit our page and to get update on our work & products


Total Impressions: **1,100,428**

| Post Engagement | Page Likes |
|---|---|
| **67,105** | **44,772** |

| Total Reach | Video Views |
|---|---|
| **1,007,186** | **136,419** |

## Education Continuation Scheme

Further in this quarter, the Corporate Communication Department has started maiden advertisement campaign of G&P Products starting with "Education Continuation Scheme" being the first. This is the first ever attempt of CCD to advertise G&P Products & revive the G&P Schemes. This was initiated under the leadership of E.D Mr. Gufran Memon.




In this promo advertisement, the significance of the Education Continuation Scheme has precisely been narrated with the story of a widow, who is seen to get her position holder son's leaving certificate from the school due to financial hardship faced by her after the demise of her husband.

It has also been narrated in this advertisement promo that due to similar financial crisis many students remain deprived of their fundamental right of quality education.

Whereas, the message has been given that State Life Insurance Corporation of Pakistan through its Education Continuation Scheme ensures the secure future of such students.

CCD continues to create and produce more G&P Product and Life Product advertisements to allow peoples engaged with State Life.

# 2nd Group & Pension Zonal Head/ Sector Head Conference







The 2nd Group & Pension Zonal Head/Sector Head Conference was held at Islamabad on 28th and 29th August, 2017, wherein honorable Executive Director (Group & Pension) Mr. Ghufran Memon was the Chief Guest. The objective of this event was to evaluate the performance of Group & Pension Zones up-to August 2017 and detailed discussion over the existing Marketing Trends and Expectations of Prospective and Existing Clients regarding Products/Riders being offered by the State Life was done. The Honorable Executive Director specifically referred the novel and vibrant promotional media campaign about the Education Continuation Scheme in print and electronic channels in upcoming days. The participants were encouraged for getting maximum benefit from the media campaign. He was delighted to know that G&P Division has already completed the annual base of New Groups premium up-to June 2017.

The conference was organized by Group & Pension Division under the energetic and dynamic leadership of Divisional Head (G&P) Mr. Iftikhar Ahmed. The Divisional Head Actuarial Division also graced the event with his supportive and compassionate guidance to the participants. The Divisional Head (G&P) praised the enthusiastic and motivated leadership of Honorable Executive Director Mr. Ghufran Memon and said that G&P Division is fortunate enough to have a leader of such caliber. He admired the role of Executive Director G&P for bringing dramatic changes in the commission structure of individual Life Marketing Executives and incentive Bonus Scheme of Sector Heads of G&P. He encouraged the participants to take maximum benefit out of these changes. The Honorable Executive Director and Divisional Head (G&P) admired the services of Divisional Head (Actuarial Division for committing his full support to the participants for opening new venues for procurement of Group Insurance Business to increase SLIC business share in prevailing Group Insurance market.

The Divisional Head (G&P) thanked the Chief Guest for sparing his precious time for the conference and retreated his commitment on behalf of Zonal Head(s) and Sector Head(s) of all G&P zones to put their best efforts for increase in Group Insurance Business of State Life by adopting the modern technology/ techniques and by providing optimum services to the existing and prospective clients of Group & Pension Division.

In the end the Honorable Chief Guest appreciated G&P Division for organizing the Zonal Heads/Sector Heads Conference.

**Report - Tahaffuz**

# TAHAFFUZ

An in-house magazine of State Life Insurance Corporation of Pakistan (Only for Marketing Force)

اسٹیٹ لائف کی بیمہ پالیسی - ایک تابندہ روایت نسل در نسل

STATE LIFE
INSURANCE CORPORATION OF PAKISTAN

December 2017

# Group & Pension

## Zonal Head's/Sector Head Conference, Islamabd




- Mr. Shoaib Mir took the charge as State Life's Chairman
- State Life Silver Jubilee Convention 2017, a conventional meeting of insurers
- Lucky Draw and Award Distribution Ceremony in Rawalpindi Zone
- Federal Minister for Trade and Textile visits State Life building Faisalabad region